● **غزوہ احد تک کی مہمات (جنگ احد)** ...... مرتب: حافظ عبدالوحید الحنفی

ضخامت: ۸۰ ناشر: کشمیر بک ڈپو، تلہ گنگ روڈ چکوال 03135128490

فتوحات اسلامی، تاریخ اسلام کا ایک سنہری باب ہے جسے ہر مسلمان کو پڑھنا چاہیے تاکہ مسلمان اپنی تاریخ، اپنے اسلاف کے کارناموں، ان کے کردار، ان کے اخلاق سے درس لے کر خود بھی معاشرے میں صحیح کردار ادا کرسکیں اور معاشرے کی اصلاح کی طرف کوشاں ہو، اس سلسلہ میں مولانا عبدالوحید الحنفی سلسلہ وار اشاعت کا اہتمام کر رہے ہیں ، زیر تبصرہ سلسلہ ''جنگ احد'' اسی سلسلہ کی 30ویں کڑی ہے جس میں جنگ احد کی تمام تفصیلات سمیٹنے کی کوشش کی گئی ہے، اپنے موضوع پر ایک بہترین سوغات اور انمول تحفہ، اللہ تعالیٰ مولف کی اس محنت کو قبول کرے اور اس کاوش کو شرف قبولیت سے نوازے۔

● **خلاصہ تراویح** ............ مولف: مولانا حکیم محمد عمر فاروق قریشی

ضخامت: ۶۴صفحات ناشر: قریشی ٹریڈرز راجن پور 03137398664

یہ پرچی نما کتاب حضرت مولانا حکیم محمد عمر فاروق قریشی صاحب کی خلاصہ تلاوت تراویح ہے ، رمضان المبارک میں تراویح قرآن سنانا ایک مستقل سنت ہے، اس سنت کو پورا کرنے کیلئے اور چونکہ نیکیوں کا موسم ہوتا ہے لوگ جوق در جوق مسجد آتے ہیں تو قرآن سمجھنے کیلئے یہ ایک نہایت موثر ذریعہ ہے کہ خلاصہ تلاوت تراویح انہیں سنایا اور سمجھایا جائے، یہ انہی محاضرات کا خلاصہ ہے، ماشاء اللہ اختصار کے ساتھ نہایت مفید بھی ہے اور ائمہ حضرات کیلئے ایک نادر تحفہ بھی ہے۔

● **حضرت مسیحؑ کے اللہ کا بندہ اور رسول ہونے پر سینکڑوں دلائل**

ترتیب: الشیخ محمد بکیر الامین مصری ترجمہ: خانم حمیرا یاسمین صاحبہ

ضخامت: ۱۱۲صفحات ناشر: مرکز تحقیق اسلامی جامعہ اسلامیہ (ٹرسٹ) کامونکے گوجرانوالہ

اصل کتاب محمد بکیر الامین مصری کی ہے جسے نابغہ روزگار شخصیت مولانا عبدالروف فاروقی صاحب کی صاحبزادی محترمہ خانم حمیرا یاسمین صاحبہ نے سلیس، بامحاورہ اردو میں ترجمہ کیا ہے، اپنی موضوع پر ایک نادر کتاب اور قیمتی سوغات ہے، اللہ اس کاوش کو قبولیت عامہ سے نوازے۔

© rasailojaraid.com